اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالثَّلاثُوْن ۔38

● اس سبق میں ہم درج ذیل چیزیں سیکھتے ہیں۔

1۔ظرف کی تعریف

2۔اقسام ظرف:

1۔ظرف زمان 2۔ظرف مکان

3۔مبنی ظروف۔

4۔ظروفِ زمان۔

5۔اطرافِ ظرفِ مکان۔

6۔اعراب اسم ظرف۔

7۔ظرف اور اسم ظرف میں فرق۔

DARULIMAAN INSTITUTE

1۔ظرف کی تعریف(Container)

ایسا اسم جو کسی فعل کے ہونے یا کرنے کا وقت یا جگہ بتائے اسے "ظرف" کہتے ہیں۔

"ظرف کے معنی برتن، بوری، لفافہ کے ہیں۔ جس طرح برتن میں کوئی چیز رکھی جاتی ہے، اسی طرح وقت یا جگہ ایسے ظرف (برتن) ہیں جن کے اندر کوئی فعل سرانجام پاتا ہے اس لئے اسے "مفعول فیہ" (وہ چیز جس کے اندر کام کیا گیا ہو) بھی کہا جاتا ہے

2۔ظرف کی اقسام: ظرف کی بنیادی طور پر دو اقسام ہیں۔

1۔ظرف زمان 2۔ظرف مکان

(الف) ظرف زمان۔ وہ اسم ہے جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا وقت یا زمانہ ظاہر ہو۔

DARULIMAAN INSTITUTE

آیئے قرآنی آیات کے ذریعہ "ظرف زمان" کو سمجھتے ہیں۔

1) لَيْلاً رات کے وقت نَهَارًا دن کے وقت

قَالَ رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلاً وَنَهَارًا (نوح:5)

ظرف زمان، منصوب

2) سَاعَةً گھنٹہ بھر۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوٓاْ إِلَّا سَاعَةً مِّنَ ٱلنَّهَارِ (يونس:45)

ظرف زمان، منصوب

3) عِشَآءً شام کو۔

وَجَآءُوٓ أَبَاهُمْ عِشَآءً يَبْكُونَ (يوسف:16)

ظرف زمان، منصوب

DARULIMAAN INSTITUTE

(ب) ظرف مکان۔ وہ اسم ہے جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کی جگہ یا مقام ظاہر ہو۔

آیئے قرآنی آیات کے ذریعہ "ظرف مکان" کو سمجھتے ہیں۔

1) عِندَ پاس، نزدیک۔

إِنَّ ٱلدِّينَ عِندَ ٱللَّهِ ٱلْإِسْلَٰمُ (آل عمران:19)

مضاف، ظرف مکان، منصوب

2) فَوْقَ اوپر، پر

وَهُوَ ٱلْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِۦ (الانعام:18)

مضاف، ظرف مکان، منصوب

3) أَمَامَ آگے۔ سامنے۔

DARULIMAAN INSTITUTE

بلۡ يُرِيدُ ٱلۡإِنسَٰنُ لِيَفۡجُرَ أَمَامَهُۥ (القیامۃ:5)

مضاف، ظرف مکان، منصوب

(ج): پچھلی آیات میں استعمال کیے گئے مَفْعُولِ فِيْهِ یا ظروف درج ذیل ہیں۔

1) ظرفِ زمان: لَيْلًا ۔نَهَارًا ۔سَاعَةً ۔عِشَاءً

جب مضاف بن کر نہ آئے تو آخر میں تنوین آتی ہے۔

2) ظرفِ مکان: أَمَامَ ۔عِنْدَ ۔فَوْقَ

3۔ مبنی ظروف:

بعض اسمائے ظرف مبنی ہوتے ہیں۔

DARULIMAAN INSTITUTE

1) أَيْنَ کہاں، جہاں۔ مبنی علی الفتح۔

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ (الحدید:4)

ظرفِ مکان، منصوب

کبھی أَيْنَ کے ساتھ " مَا" بڑھا کر أَيْنَمَا آتا ہے۔

2) أَنَّىٰ ۔

1۔ کیسے، کس طرح، حالت یا کیفیت پوچھنے کے لئے

2۔ کہاں سے، جبکہ، ماخذ پوچھنے کے لئے

3۔ کب، وقت پوچھنے کے لئے

مبنی علی السّکون، ظرف مکان یا ظرف زمان بن کر محلاً منصوب، اسم استفھام یا اسم شرط۔

DARULIMAAN INSTITUTE

فَأْتُوا۟ حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ (البقرۃ:223)

مفعول فیہ، منصوب، ظرف زماں اور ظرف مکاں دونوں کے لیے آیا ہے۔

3) أَيَّانَ : کب، جب، کس وقت، مبنی علی الافتح

وقت مقررہ یا آنے والا وقت، خصوصاً مستقبل کے ہولناک یا پر شکوہ واقعے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

اس کے ذریعے زیادہ اہم بات کا سوال پوچھا جاتا ہے۔

جیسے: يَسْـَٔلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ ٱلدِّينِ (الذّاریات:12)

محلاً منصوب، ظرفِ زمان

۔یہ لفظ استفہام اور شرط کے لیے بھی آتا ہے۔

4) مَتَىٰ : کب۔جب کبھی۔مبنی علی السّکون، اسم استفھام

1)مَتَىٰ اصل میں مَتَا ہے جو 'الف' پر ختم ہوتا ہے اور الف ساکن ہے۔

2) مَتَىٰ اور أَيَّانَ کے معنی ایک ہیں۔

3)مَتَىٰ کے ذریعے کم اہم بات کا سوال کیا جاتا ہے۔عام وقت، ماضی یا مستقبل کے بارے میں سوال۔

4)زمانہ فعل کو دریافت کرنے کے لیے آتا ہے۔

جیسے: مَتَىٰ نَصْرُ ٱللَّهِ (البقرۃ:214)

ظرفِ زمان، محلاً منصوب، اسم استفھام

5)حَيْثُ: جہاں۔ جس جگہ۔چونکہ، مبنی علی الضمّ۔

وَٱقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ (البقرۃ:191)

ظرفِ مکان، مبنی علی الضمّ، محلاً منصوب

6)هَٰهُنَا: یہاں۔ مبنی علی السّکون۔

دواجزاء سے مل کر بنا ہے 1)ھا حرف تنبیہ 2)ھُنَا اسم اشارہ، ظرف مکان

إِنَّا هَٰهُنَا قَٰعِدُونَ (المائدہ:24)



ھا حرف تنبیہ، ھُنَا حرف اسم اشارہ، ظرفِ مکان، مبنی علی السکون، محلاً منصوب

7)هُنَالِكَ: دراصل تین اجزاء سے ملکر بنا ہے

1۔ھُنا اسم اشارہ، ظرف مکان، کبھی ظرف زمان کے لئے بھی

2۔ل، لام بُعد دور یا فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے

3۔ک، الکاف مُخاطب

وہاں، اس وقت، اس موقع پر، ادھر، مبنی علی السّکون۔

DARULIMAAN INSTITUTE

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ (آل عمران:38)

هُنا۔اسم اشارہ، مبنی علی السّکون، محلاً منصوب، ظرف مکان وزمان، الکاف المخاطب

یہ کبھی هُنَاكَ بھی آتا ہے۔

8)ثَمَّ،ثَمَّه :وھاں،اس طرف، مبنی علی الفتح۔

فَأَيْنَمَا تُوَلُّواْ فَثَمَّ وَجْهُ ٱللَّهِ (البقرۃ:115)

ظرف مکان، مبنی علی الفتح، محلاً منصوب

یادرہے:۔ هَٰهُنَا،هُنَالِكَ ،هُنَاكَ ،ثَمَّ یاثَمَّه یہ الفاظ

اسمائے اشارہ بھی ہیں۔اور ظرفیت کے معنی بھی لیے ہوئے ہے۔

9)أَمْسِ۔ گزرا ہوا کل، مبنی علی الکسرہ۔ لیکن اس پر اگر الف لام داخل ہو

جائے تو معرب ہو جاتا ہے۔

فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَنْ لَمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ (یونس:24)

ظرفِ زمان، مبنی، مجرور

یہاں ماضی بعید کے معنی میں ہے، جار اور مجرور مل کر متعلق ظرف زمان بنتا ہے۔

10) قَطُّ کبھی نہیں ماضی کی نفی کے لئے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ مَا عَابَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا قَطُّ، إِنِ اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ، وَإِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ. (متفق عليه)

قَطُّ

ظرف زمان، ماضی نفی کی تاکید، مبنی بر ضمّ، مفعول فیہ، محلاً منصوب

4۔ اوقاتِ ظروفِ زمان (Adverb of Time)

چند ظروف زمان جو کسی کام کے ہونے کے وقت یا زمانے کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

	ظرف زمان	معنی		ظرف زمان	معنی
1	يَوْمًا	دن اور رات کا مجموعہ۔ دن کا وقت۔24 گھنٹے	17	بَيَاتًا	راتوں رات، رات میں آپڑنا
2	نَهَارًا	طلوع آفتاب سے غروب آفتاب کا	18	سَاعَةً	وقت، گھڑی، گھڑی بھر، کچھ دیر
3	ضُحًى	دوپہر کا وقت	19	صُبْحًا	صبح کے وقت یا صبح کو، وقت فجر
4	بُكْرَةً	صبح سویرے دن کا اوّل حصّہ	20	أُسْبُوْع	ہفتہ بھر
5	لَيْلَةً لَيْلًا	رات کے وقت	21	دَقِيْقَةً	منٹ
6	شَهْرًا	مہینہ بھر	22	شِتَاءً	سردی میں
7	حِيْنَ	اسوقت / مدت	23	صَيْفًا	گرمی میں
8	إِذَا	جب، عموما / مستقبل کے لیے	24	عَامًا	سال
9	إِذْ	جب، عموما / ماضی کے لیے	25	أَبَدًا	ہمیشہ
10	دَهْرًا	زمانہ بھر۔	26	قَرْن	صدی
11	أَصِيْلًا	شام، عصر اور مغرب کا درمیانی وقت	27	أَنَاء	گھڑی، وقت / پہر
12	غَدْوًا	صبح کے وقت، دن چڑھ آنے کے بعد	28	أَمَد	طویل مدّت
13	عَشِيًّا	رات کی ابتدائی تاریکی / شام کے وقت / پچھلے پہر	29	حُقُب / أَحْقَاب	لمبا زمانہ / صدیاں
14	سَنَةً	سال بھر	30	قَبْلَ	پہلے

DARULIMAAN INSTITUTE

15	مَسَاءً	شام	31	بَعْدَ	بعد میں
16	مِيْقَات	طے شدہ وقت، مصدر اسم ظرف	32	كُلَّمَا(كُلْ+مَا)	جب بھی / اکثر

5۔ اطرافِ ظرفِ مکان۔

چند ظروف مکان جو اطراف کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

	ظرف مکان	معنی		ظرف مکان	معنی
1	فَوْقَ	اوپر	13	غَرْبًا	مغرب کی طرف
2	تَحْتَ	نیچے	14	اَمَامَ	آگے
3	قَبْلَ	پہلے	15	خَلْفَ	پیچھے
4	بَعْدَ	بعد میں	16	قُدَّامَ	آگے۔سامنے
5	عِنْدَ	نزدیک / پاس	17	جُنُوْبًا	جنوب کی طرف
6	لَدُنْ	طرف۔پاس	18	بَيْنَ	درمیان

DARULIMAAN INSTITUTE

7	لَدَىٰ	پاس۔نزدیک	19	وَرَاءَ	پیچھے۔آگے
8	حَوْلَ	ارد گرد/چاروں طرف	20	هُنَا	یہاں/وہی/اسی وقت/جیسے
9	شِمَالًا	بائیں طرف	21	حَيْثُ	جس جگہ۔جہاں
10	يَمِيْنًا	دائیں طرف	22	ثَمَّ	وہاں/اس جگہ
11	يَسَارًا	بائیں طرف	23	تِلْقَاءَ	طرف،سامنے،سمت/ملاقات کی جگہ
12	شَرْقًا	مشرق کی طرف	24	شَمَالًا	شمال کی طرف

6۔اعراب اسم ظرف۔

اسم ظرف کے اعراب جملے میں حسب موقع مرفوع، منصوب اور مجرور ہوتے ہیں۔

1۔مرفوع۔

فَهَٰذَا يَوْمُ ٱلْبَعْثِ (الرّوم:56)

اسم اشارہ مبتدا، خبر اسم مرفوع، یومُ ظرف زمان (مفعول فیہ) نہیں اس لیئے منصوب نہیں۔

DARULIMAAN INSTITUTE

2۔ منصوب:

إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (الفتح:18)

ظرف زمان ظرف مکان، منصوب

3۔ مجرور:

وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ (الانفال:10)

مبتدا جار و مجرور متعلق محذوف خبر

یہاں عِنْد ظرف مکان (مفعول فیہ) نہیں اس لیے منصوب نہیں

7۔ ظرف اور اسم ظرف میں فرق:

1) اسم ظرف میں کسی وقت یا جگہ کے تصوّر کے ساتھ ساتھ کسی کام کے کرنے یا ہونے کا مفہوم ضرور شامل ہوتا ہے۔

2) جبکہ ظرف میں وقت یا جگہ کا تصوّر تو ہوتا ہے مگر ان میں کسی کام کے

DARULIMAAN INSTITUTE

کرنے یا ہونے کا مفہوم شامل نہیں ہوتا۔ مثلاً: شَهْرٌ

فرق

(الف)	(ب)
ظرف	اسم ظرف
1۔ صرف وقت اور جگہ کا تصوّر۔ 2۔ اس وقت یا جگہ میں کسی کام کے کرنے یا ہونے کا مفہوم شامل نہیں ہوتا ہے۔ ظرف کے مفہوم میں ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔ مثلاً: يَوْمَ، بَيْنَ، عِنْدَ، تَحْتَ، قَبْلَ، بَعْدَ	1- جگہ اور وقت کا تصوّر۔ 2- کسی کام کے کرنے یا ہونے کا مفہوم۔ 3۔ یہ جملے میں استعمال ہونے کے لحاظ سے مرفوع، منصوب و مجرور ہوتا ہے۔ مثلاً: مَغْرِبٌ، مَشْرَبٌ، مَشْرِقٌ

DARULIMAAN INSTITUTE

خُلَاصۃُ الْقَوَاعِد

1)مَفْعُولِ فِيْهِ کو اسم ظرفِ زمان اور ظرفِ مکان بھی کہتے ہیں۔ یہ منصوب ہوتے ہیں۔

2)ظرفِ زمان وقت کی، جبکہ ظرف مکان جگہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔

3)ظروفِ زمان اور ظروفِ مکان بالعموم منصوب ہوتے ہیں۔

سوائے اس کے اگر:

1. مبتدا یا خبر ہوں تو مرفوع۔
2. ان سے قبل حرفِ جرّ آئے۔
3. یا وہ مضاف الیہ ہوں۔
4. یا مبنی ہوں۔

DARULIMAAN INSTITUTE

4)اسم ظرف میں جگہ یا وقت کے تصوّر ساتھ کسی کام کے کرنے یا ہونے کا مفہوم ضرور شامل ہوتا ہے۔

5)جبکہ ظرف میں صرف جگہ یا وقت کا تصوّر موجود ہوتا ہے۔

DARULIMAAN INSTITUTE